وَيَهْدِيْهِ	اور وہ راستہ دکھائے گا اسے
اِلٰى عَذَابِ السَّعِيْرِ ﴿4﴾	بھڑکتی آگ کے عذاب کی طرف۔ ﴿4﴾
يٰۤاَيُّهَا النَّاسُ اِنْ كُنْتُمْ فِيْ رَيْبٍ	اے لوگو! اگر تم ہو شک میں
مِّنَ الْبَعْثِ فَاِنَّا خَلَقْنٰكُمْ	دوبارہ جی اٹھنے سے تو بیشک ہم نے ہی پیدا کیا تمہیں
مِّنْ تُرَابٍ ثُمَّ مِنْ نُّطْفَةٍ	مٹی سے پھر ایک قطرے سے
ثُمَّ مِنْ عَلَقَةٍ ثُمَّ مِنْ مُّضْغَةٍ	پھر جمے ہوئے خون سے پھر گوشت کے لوتھڑے سے
مُّخَلَّقَةٍ	(جس کی) مکمل شکل بنائی ہوئی ہے

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

فِي	: فی الحال، فی الفور، فی الحقیقت۔	يَهْدِيْهِ	: ہدایت، ہادیٔ برحق، ہادیٔ کائنات۔
عِلْمٍ	: علم، عالم، معلوم، تعلیم، معلومات۔	اِلٰى	: مرسل الیہ، مکتوب الیہ، الداعی الی الخیر۔
يَتَّبِعُ	: اتباع، تابع، متبع سنت۔	رَيْبٍ	: خدائے لاریب، لاریب کتاب۔
كُلَّ	: کل نمبر، کل کائنات، کل جہان۔	الْبَعْثِ	: بعثت، مبعوث۔
كُتِبَ	: کتاب، کاتب، کتابت، مکتوب۔	خَلَقْنٰكُمْ	: خلق، تخلیق، خالق، مخلوق، خلقت۔
عَلَيْهِ	: علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔	مُّخَلَّقَةٍ	: خَلق، خالق، مخلوق، تخلیق۔
تَوَلَّاهُ	: ولی، اولیاء کرام، ولایت۔	تُرَابٍ	: تربت، ابوتراب۔
يُضِلُّهٗ	: ضلالت و گمراہی۔	نُّطْفَةٍ	: نطفہ۔

فِي اللهِ	بِغَيْرِ	عِلْمٍ	وَّ	يَتَّبِعُ
اللہ (کے بارے) میں	بغیر	کسی علم (کے)	اور	وہ پیروی کرتا ہے

كُلَّ	شَيْطٰنٍ مَّرِيْدٍ ﴿3﴾	كُتِبَ ②	عَلَيْهِ	اَنَّهٗ
ہر	سرکش شیطان	لکھ دیا گیا	اس پر	کہ بیشک یہ حقیقت ہے

مَنْ	تَوَلَّاهُ ③	فَاَنَّهٗ	يُضِلُّهٗ ③	وَ
جو	دوستی کرے گا اس سے	تو یقیناً وہ	وہ گمراہ کردے گا اسے	اور

يَهْدِيْهِ	اِلٰى عَذَابِ	السَّعِيْرِ ﴿4﴾	يٰٓاَيُّهَا ④	النَّاسُ
وہ راستہ دکھائے گا اسے	عذاب کی طرف	بھڑکتی آگ	اے	لوگو!

اِنْ	كُنْتُمْ	فِيْ رَيْبٍ	مِّنَ الْبَعْثِ	فَاِنَّا ⑤
اگر	ہو تم	شک میں	دوبارہ جی اُٹھنے سے	تو بے شک ہم

خَلَقْنٰكُمْ	مِّنْ تُرَابٍ	ثُمَّ	مِنْ نُّطْفَةٍ ①⑥	ثُمَّ
ہم نے پیدا کیا تمہیں	مٹی سے	پھر	ایک قطرے سے	پھر

مِنْ عَلَقَةٍ ⑥	ثُمَّ	مِنْ مُّضْغَةٍ ⑥	مُّخَلَّقَةٍ ⑥⑦
جمے ہوئے خون سے	پھر	(گوشت کے) لوتھڑے سے	مکمل شکل بنائی ہوئی

ضروری وضاحت

①ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہے۔②فُعِلَ کے سانچے میں ڈھلے ہوئے فعل میں کیا گیا کا مفہوم ہوتا ہے۔
③علامت تَ اور شد دونوں میں عموماً کام کو اہتمام سے کرنے کا مفہوم ہوتا ہے۔④ یَا اور اَیُّھَا دونوں کا ملا کر ترجمہ اے ہے۔
⑤اِنَّا دراصل اِنَّ+نَا کا مجموعہ ہے، تخفیف کے لیے ایک نون گرا ہوا ہے۔⑥ۃ واحد مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔⑦اسم کے شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زبر میں کیا ہوا کا مفہوم ہوتا ہے۔

وَّغَيْرِ مُخَلَّقَةٍ	اور مکمل شکل نہیں بنائی ہوئی
لِّنُبَيِّنَ لَكُمْ ؕ	تا کہ ہم کھول کر بیان کر دیں تمہارے لیے
وَنُقِرُّ فِي الْاَرْحَامِ	اور ہم ٹھہرائے رکھتے ہیں رحموں میں
مَا نَشَآءُ اِلٰٓى اَجَلٍ مُّسَمًّى	جس (نطفے) کو ہم چاہتے ہیں ایک مقرر وقت تک
ثُمَّ نُخْرِجُكُمْ طِفْلًا	پھر ہم نکالتے ہیں تمہیں بچے کی صورت میں
ثُمَّ لِتَبْلُغُوْٓا اَشُدَّكُمْ ج	پھر (ہم تمہیں عمر دیتے ہیں) تا کہ تم پہنچو اپنی جوانی کو
وَمِنْكُمْ مَّنْ	اور تم میں سے (کوئی ایسا ہے) جسے (اس سے پہلے ہی)
يُّتَوَفّٰى وَمِنْكُمْ مَّنْ	فوت کیا جاتا ہے اور تم میں سے (کوئی ایسا ہے) جو
يُّرَدُّ اِلٰٓى اَرْذَلِ الْعُمُرِ	لوٹایا جاتا ہے ناکارہ عمر کی طرف
لِكَيْلَا يَعْلَمَ	تا کہ (پھر بچہ بن جائے اور) وہ نہ جانے
مِنْۢ بَعْدِ عِلْمٍ شَيْـًٔا ؕ	کچھ بھی (سب کچھ) جان لینے کے بعد
وَتَرَى الْاَرْضَ هَامِدَةً	اور آپ دیکھتے ہیں زمین کو خشک پڑی ہوئی (بے آباد)

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

لِّنُبَيِّنَ	بیان، دلیل بین، مبینہ طور پر۔	يُّتَوَفّٰى	فوت، وفات، فوتگی، متوفی۔
نُقِرُّ	مقرر کرنا، تقرر، تقرری۔	يُّرَدُّ	رد، مردود، تردید، مرتد۔
الْاَرْحَامِ	رحمِ مادر۔	اَرْذَلِ	رذیل، اخلاق رذیلہ، رذالت۔
نَشَآءُ	ماشاءاللہ، ان شاءاللہ، مشیت الٰہی۔	الْعُمُرِ	عمر، عمرِ دراز، عمریں بیت گئیں۔
اَجَلٍ	اجل، فرشتۂ اجل، لقمۂ اجل۔	يَعْلَمَ	علم، عالم، معلوم، تعلیم، معلومات۔
مُّسَمًّى	اسم، اسم گرامی، اسم بامسمّٰی۔	بَعْدِ	بعد، بعد از نماز، بعد از طعام۔
نُخْرِجُكُمْ	خارج، خروج، اخراج، وزیر خارجہ۔	تَرَى	رویت ہلال، مرئی و غیر مرئی اشیاء۔
لِتَبْلُغُوْٓا	بالغ، بلوغت، ذرائع ابلاغ۔	الْاَرْضَ	ارض و سما، قطعہ اراضی، ارض مقدس۔

وَّ	غَيْرِ	مُخَلَّقَةٍ ①②	لِّنُبَيِّنَ	لَكُمْ ؕ
اور	بغیر	مکمل شکل بنائی ہوئی	تاکہ ہم کھول کر بیان کردیں	تمہارے لیے

وَ	نُقِرُّ	فِي الْاَرْحَامِ	مَا	نَشَآءُ
اور	ہم ٹھہرائے رکھتے ہیں	رحموں میں	جو	ہم چاہتے ہیں

اِلٰٓى اَجَلٍ	مُّسَمًّى ①	ثُمَّ	نُخْرِجُكُمْ ③	طِفْلًا
ایک وقت تک	مقرر کیا ہوا	پھر	ہم نکالتے ہیں تمہیں	بچہ

ثُمَّ	لِتَبْلُغُوْٓا	اَشُدَّكُمْ ۚ	وَ	مِنْكُمْ
پھر	تاکہ تم سب پہنچو	اپنی جوانی (کو)	اور	تم میں سے

مَّنْ	يُّتَوَفّٰى ④	وَ	مِنْكُمْ	مَّنْ	يُّرَدُّ ④
جو	وہ فوت کیا جاتا ہے	اور	تم میں سے	جو	وہ لوٹایا جاتا ہے

اِلٰٓى	اَرْذَلِ ⑤	الْعُمُرِ	لِكَيْلَا ⑥	يَعْلَمَ
طرف	بہت ناکارہ	عمر	تاکہ نہ	وہ جانے

مِنْۢ بَعْدِ عِلْمٍ ⑦	شَيْـًٔا ؕ	وَ	تَرَى	الْاَرْضَ	هَامِدَةً ②
جان لینے کے بعد	کچھ بھی	اور	آپ دیکھتے ہیں	زمین	خشک پڑی ہوئی

ضروری وضاحت

①اسم کے شروع میں مُـ اور آخر سے پہلے زبر میں کیا ہوا کا مفہوم ہوتا ہے۔②ۃ واحد مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔③ کُمْ اگر فعل کے آخر میں ہو تو تمہیں ترجمہ کیا جاتا ہے۔④اگر یـ پر پیش اور آخر سے پہلے زبر ہو تو اس فعل میں کیا جاتا ہے یا کیا جائے گا کا مفہوم ہوتا ہے۔⑤ اَرْذَلِ کے شروع میں اَ میں صفت کے زیادہ ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔⑥لِـ اور کَیْ دونوں کا ترجمہ تاکہ ہے اس لیے دونوں کا رنگ ایک رکھا گیا ہے۔⑦لفظ بَعْد سے پہلے مِنْ کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہوتی۔

فَاِذَآ اَنْزَلْنَا عَلَيْهَا الْمَآءَ	پھر جب ہم نازل کرتے ہیں اس پر پانی
اهْتَزَّتْ وَ رَبَتْ	(تو) وہ لہلہاتی ہے اور ابھرنے لگتی ہے
وَاَنْۢبَتَتْ مِنْ كُلِّ زَوْجٍۢ بَهِيْجٍ ﴿5﴾	اور اگاتی ہے ہر قسم کی بارونق چیزیں۔ ﴿5﴾
ذٰلِكَ بِاَنَّ اللّٰهَ هُوَ الْحَقُّ	یہ اس وجہ سے ہے کہ بے شک اللہ ہی حق ہے
وَاَنَّهٗ يُحْيِ الْمَوْتٰى	اور (اس لیے) کہ بیشک وہی زندہ کرتا ہے مردوں کو
وَاَنَّهٗ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ	اور (اس لیے) کہ بے شک وہ ہر چیز پر
قَدِيْرٌ ۙ﴿6﴾	خوب قدرت رکھنے والا ہے۔ ﴿6﴾
وَّ اَنَّ السَّاعَةَ اٰتِيَةٌ	اور (اس لیے) کہ بے شک قیامت آنے والی ہے
لَّا رَيْبَ فِيْهَا ۙ	کوئی شک نہیں اس میں
وَاَنَّ اللّٰهَ يَبْعَثُ	اور (اس لیے) کہ بے شک اللہ دوبارہ اٹھائے گا
مَنْ فِي الْقُبُوْرِ ﴿7﴾	(ان لوگوں) جو قبروں میں ہیں۔ ﴿7﴾
وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يُّجَادِلُ	اور لوگوں میں سے (کوئی ایسا ہے) جو جھگڑا کرتا ہے

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

اَنْزَلْنَا : نازل، نزول، انزال، منزل من اللہ۔	قَدِيْرٌ : قدرت، قادر، قدیر، مقدر۔
عَلَيْهَا : علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔	لَّا : لاتعداد، لاعلاج، لاجواب، لاعلم۔
الْمَآءَ : ماء الحیات، ماء اللحم۔	رَيْبَ : خدائے لاریب لاریب کتاب۔
وَ : لیل ونہار، رحم وکرم، شان وشوکت۔	فِيْهَا : فی الحال، فی الفور، فی الحقیقت۔
اَنْۢبَتَتْ : نباتات۔	يَبْعَثُ : بعثت، مبعوث۔
مِنْ : منجانب، من وعن، من حیث القوم۔	النَّاسِ : عوام الناس، بعض الناس۔
يُحْيِ : حیات، حیاتی، اِحیائے سنت۔	الْقُبُوْرِ : قبر، قبور، قبرستان۔
الْمَوْتٰى : موت وحیات، سماع موتی، میت۔	يُّجَادِلُ : جنگ وجدل۔

فَاِذَآ	اَنْزَلْنَا	عَلَيْهَا	الْمَآءَ	اهْتَزَّتْ ①
پھر جب	ہم نازل کرتے ہیں	اس پر	پانی	وہ لہلہاتی ہے

وَ	رَبَتْ ①	وَ	اَنْۢبَتَتْ ①	مِنْ كُلِّ زَوْجٍۭ	بَهِيْجٍ ﴿5﴾
اور	اُبھرنے لگتی ہے	اور	اُگاتی ہے	ہر قسم سے (چیزیں)	بارونق

ذٰلِكَ ②	بِاَنَّ ③④	اللّٰهَ	هُوَ الْحَقُّ ⑤	وَ	اَنَّهٗ ③
یہ	اس وجہ سے کہ بے شک	اللہ	ہی حق ہے	اور	کہ بے شک وہ

يُحْيِ	الْمَوْتٰى	وَ	اَنَّهٗ ③	عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ
وہ زندہ کرتا ہے	مردوں (کو)	اور	کہ بے شک وہ	ہر چیز پر

قَدِيْرٌ ⑥ ۙ﴿6﴾	وَّ	اَنَّ ③	السَّاعَةَ ①	اٰتِيَةٌ ①
خوب قدرت رکھنے والا	اور	کہ بے شک	قیامت	آنے والی

لَّا رَيْبَ ⑦	فِيْهَا ۙ	وَ	اَنَّ ③	اللّٰهَ	يَبْعَثُ
کوئی شک نہیں	اس میں	اور	کہ بے شک	اللہ	وہ دوبارہ اُٹھائے گا

مَنْ	فِي الْقُبُوْرِ ﴿7﴾	وَ	مِنَ النَّاسِ	مَنْ	يُّجَادِلُ
جو	قبروں میں	اور	لوگوں میں سے	جو	وہ جھگڑا کرتا ہے

ضروری وضاحت

① تْ اور ةْ مؤنث کی علامتیں ہیں، ان کا الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ② ذٰلِكَ کا اصل ترجمہ وہ ہے کبھی ضرورتاً ترجمہ یہ بھی کر دیا جاتا ہے۔
③ اَنَّ جب جملے کے درمیان میں آئے تو اس کا ترجمہ کہ بیشک کیا جاتا ہے۔ ④ بِ کا ترجمہ کبھی بدلہ اور کبھی بسبب، بوجہ کیا جاتا ہے۔
⑤ هُوَ کے بعد اَلْ ہو تو اس میں تاکید کا مفہوم ہوتا ہے اور ترجمہ ہی کیا جاتا ہے۔ ⑥ فَعِيْلٌ کے سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں مبالغے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ⑦ لَا کے بعد اسم کے آخر میں زبر ہو تو اس میں پوری جنس کی نفی ہوتی ہے اور ترجمہ کوئی نہیں کیا جاتا ہے۔

فِي اللّٰهِ بِغَيْرِ عِلْمٍ	اللہ کے بارے میں بغیر کسی علم کے
وَّلَا هُدًى وَّلَا كِتٰبٍ مُّنِيْرٍ ۙ (8)	اور بغیر کسی ہدایت کے اور بغیر کسی روشن کتاب کے۔ (8)
ثَانِيَ عِطْفِهٖ	اس حال میں کہ موڑنے والا ہوتا ہے اپنا پہلو
لِيُضِلَّ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ۭ	تاکہ وہ گمراہ کرے اللہ کے راستے سے
لَهٗ فِي الدُّنْيَا خِزْيٌ	اس کے لیے دنیا میں رسوائی ہے
وَّنُذِيْقُهٗ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ	اور ہم چکھائیں گے اسے قیامت کے دن
عَذَابَ الْحَرِيْقِ (9)	جلانے والا (یعنی آگ کا) عذاب۔ (9)
ذٰلِكَ بِمَا قَدَّمَتْ يَدٰكَ	یہ اس وجہ سے ہے جو آگے بھیجا تیرے ہاتھوں نے
وَاَنَّ اللّٰهَ	اور یہ کہ بے شک اللہ
لَيْسَ بِظَلَّامٍ لِّلْعَبِيْدِ ۧ (10)	ہرگز نہیں ہے ظلم کرنے والا بندوں پر۔ ع (10)
وَمِنَ النَّاسِ	اور لوگوں میں سے (کوئی ایسا ہے)
مَنْ يَّعْبُدُ اللّٰهَ عَلٰي حَرْفٍ ۚ	جو عبادت کرتا ہے اللہ کی ایک کنارے پر

ع 1 10 8

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

فِي	: فی الحال، فی الفور، فی الحقیقت۔
عِلْمٍ	: علم، عالم، معلوم، تعلیم، معلومات۔
هُدًى	: ہدایت، ہادیٔ برحق، ہادیٔ کائنات۔
مُّنِيْرٍ	: نور، منور، نورانیت۔
لِيُضِلَّ	: ضلالت و گمراہی۔
سَبِيْلِ	: فی سبیل اللہ، اللہ کوئی سبیل نکالے گا۔
نُذِيْقُهٗ	: ذائقہ، خوش ذائقہ، بدذائقہ۔
يَوْمَ	: یوم، ایام، یوم آخرت۔
بِمَا	: ماحول، ماتحت، ماجرا۔
قَدَّمَتْ	: مقدم، مقدمہ، تقدیم، مقدمۃ الجیش۔
يَدٰكَ	: ید بیضا، ید طولیٰ، رفع الیدین۔
بِظَلَّامٍ	: ظلم، ظالم، مظلوم، مظالم۔
لِّلْعَبِيْدِ	: عبد، عابد، عبداللہ، عبادالرحمن۔
مِنَ	: منجانب، من وعن، من حیث القوم۔
يَّعْبُدُ	: عابد، عبادت، معبود۔
عَلٰي	: علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔

فِي اللّٰهِ	بِغَيْرِ	عِلْمٍ ①	وَّ	لَا	هُدًى ①
اللہ (کے بارے) میں	بغیر	کسی علم (کے)	اور	نہ	کسی ہدایت

وَّ	لَا	كِتٰبٍ مُّنِيْرٍ ① ﴿8﴾	ثَانِيَ	عِطْفِهٖ
اور	نہ	کسی روشن کتاب (کے)	موڑنے والا	اپنا پہلو

لِيُضِلَّ ②	عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ	لَهٗ ③	فِي الدُّنْيَا
تاکہ وہ گمراہ کرے	اللہ کے راستے سے	اس کے لیے	دنیا میں

خِزْيٌ	وَّ	نُذِيْقُهٗ	يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ④	عَذَابَ
رسوائی	اور	ہم چکھائیں گے اسے	قیامت کے دن	عذاب

الْحَرِيْقِ ﴿9﴾	ذٰلِكَ ⑤	بِمَا ⑥	قَدَّمَتْ ④	يَدٰكَ
جلانے والا	یہ	اس وجہ سے جو	آگے بھیجا	تیرے ہاتھوں نے

ع 1 10 8

وَ	اَنَّ	اللّٰهَ	لَيْسَ	بِظَلَّامٍ ⑦	لِّلْعَبِيْدِ ﴿10﴾ ع
اور	یہ کہ بے شک	اللہ	نہیں	ہرگز ظلم کرنے والا	بندوں پر

وَ	مِنَ النَّاسِ	مَنْ	يَّعْبُدُ	اللّٰهَ	عَلٰى حَرْفٍ ۚ
اور	لوگوں میں سے	جو	وہ عبادت کرتا ہے	اللہ (کی)	ایک کنارے پر

ضروری وضاحت

① ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہے۔② فعل کے شروع میں لِ اور آخر میں زبر ہو تو ترجمہ تاکہ ہوتا ہے۔③ لَهٗ میں لَ دراصل لِ تھا یہ پڑھنے میں آسانی کیلئے لِ سے لَ ہو جاتا ہے۔④ ۃ اور تْ مؤنث کی علامتیں ہیں، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔⑤ ذٰلِكَ کا اصل ترجمہ وہ ہے کبھی ضرورتاً ترجمہ یہ بھی کر دیا جاتا ہے۔⑥ بِ کا ترجمہ کبھی سے، ساتھ کبھی کا، کی، کے، کو کبھی پر کبھی بدلہ اور کبھی بسبب، بوجہ کیا جاتا ہے۔⑦ یہاں بِ کے ترجمے کی ضرورت نہیں البتہ اسکی وجہ سے تاکید کا مفہوم ہے اسی لیے ترجمہ ہرگز کیا گیا ہے۔

فَاِنْ اَصَابَهٗ خَیْرُ ﴽ	پھر اگر پہنچے اسے کوئی بھلائی
اطْمَاَنَّ بِهٖ ۚ	(تو) مطمئن ہو جاتا ہے اس پر
وَاِنْ اَصَابَتْهُ فِتْنَةُ ﴽ	اور اگر پہنچے اسے کوئی آزمائش
انْقَلَبَ عَلٰى وَجْهِهٖ ۧ	(تو) الٹا پھر جاتا ہے اپنے منہ کے بل
خَسِرَ الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةَ ؕ	اس نے نقصان اٹھایا دنیا اور آخرت کا
ذٰلِكَ هُوَ الْخُسْرَانُ الْمُبِيْنُ ﴿11﴾	یہی واضح خسارہ ہے۔ ﴿11﴾
يَدْعُوْا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ	وہ پکارتا ہے اللہ کے سوا
مَا لَا يَضُرُّهٗ	(اسے) جو نہ تو نقصان پہنچا سکتا ہے اُسے
وَمَا لَا يَنْفَعُهٗ ؕ	اور جو نہ نفع دے سکتا ہے اُسے
ذٰلِكَ هُوَ الضَّلٰلُ الْبَعِيْدُ ﴿12﴾ ۚ	یہی دور کی گمراہی ہے۔ ﴿12﴾
يَدْعُوْا لَمَنْ	وہ پکارتا ہے یقیناً اسے جو
ضَرُّهٗۤ اَقْرَبُ مِنْ نَّفْعِهٖ ؕ	(کہ) اسکا نقصان زیادہ قریب ہے اسکے نفع سے

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

اَصَابَهٗ	: مصیبت، مصائب۔	يَدْعُوْا	: دعا، دعوت، مدعو، الداعی الی الخیر۔
خَیْرُ	: خیر، خیریت، خیر خواہی، صبح بخیر۔	مِنْ	: منجانب، من وعن، من حیث القوم۔
اطْمَاَنَّ	: اطمینان، مطمئن، طمانیت۔	مَا	: ماحول، ماتحت، ماورائے آئین۔
انْقَلَبَ	: انقلاب، انقلابی اقدام۔	يَضُرُّهٗ	: مضر صحت، ضرر رساں۔
وَجْهِهٖ	: وجہ، متوجہ، توجہ، وجہ البصیرت۔	يَنْفَعُهٗ	: نفع، منافع، منفعت، نفع ونقصان۔
خَسِرَ	: خسارہ، خائب وخاسر۔	الضَّلٰلُ	: ضلالت وگمراہی۔
الْاٰخِرَةَ	: آخرت، یوم آخرت، آخری۔	الْبَعِيْدُ	: بعد، بعید از قیاس۔
الْمُبِيْنُ	: بیان، دلیل بین، مبینہ طور پر۔	اَقْرَبُ	: قرب، قریب، مقرب، تقرب۔

فَاِنْ	اَصَابَهٗ	خَيْرُ ①	اطْمَاَنَّ	بِهٖ
پھر اگر	پہنچے اسے	کوئی بھلائی	وہ مطمئن ہو جاتا ہے	اس پر

وَ	اِنْ	اَصَابَتْهُ ②	فِتْنَةُ ①②	انْقَلَبَ
اور	اگر	وہ پہنچے اُسے	کوئی آزمائش	اُلٹا پھر جاتا ہے

عَلٰى وَجْهِهٖ ③	خَسِرَ	الدُّنْيَا	وَ	الْاٰخِرَةَ ②
اپنے منہ کے بل	اس نے نقصان اٹھایا	دنیا	اور	آخرت (میں)

ذٰلِكَ ④	هُوَالْخُسْرَانُ ⑤	الْمُبِيْنُ ﴿11﴾	يَدْعُوْا ⑥	مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ⑦
یہ	ہی خسارہ	صریح	وہ پکارتا ہے	اللہ کے سوا

مَا لَا	يَضُرُّهٗ	وَ	مَا لَا	يَنْفَعُهٗ
جو نہ	وہ نقصان پہنچا سکتا ہے اسے	اور	جو نہ	وہ نفع دے سکتا ہے اسے

ذٰلِكَ ④	هُوَالضَّلٰلُ ⑤	الْبَعِيْدُ ﴿12﴾	يَدْعُوْا ⑥
یہ	ہی گمراہی	دور (کی)	وہ پکارتا ہے

لَمَنْ	ضَرُّهٗٓ	اَقْرَبُ ⑧	مِنْ نَّفْعِهٖ
یقیناً جو	اس کا نقصان	زیادہ قریب	اس کے نفع سے

ضروری وضاحت

①اسم کے آخر میں ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہے۔② ة، تْ واحد مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔③ عَلٰی کا ترجمہ کبھی کے بل بھی کیا جاتا ہے۔④ ذٰلِكَ کا اصل ترجمہ وہ ہے کبھی ضرورتاً ترجمہ یہ بھی کر دیا جاتا ہے۔⑤ هُوَ کے بعد اَلْ ہو تو اس میں ہی کا مفہوم ہوتا ہے۔⑥ يَدْعُوْا کے آخر میں وْا جمع کا نہیں بلکہ "وْ" اصل لفظ کا حصہ ہے اور "ا" زائد ہے۔⑦ یہاں مِنْ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔⑧ اسم کے شروع میں اَ میں صفت کے زیادہ ہونے کا مفہوم ہے۔

لَبِئْسَ الْمَوْلٰى وَلَبِئْسَ الْعَشِيْرُ ﴿13﴾	بلا شبہ وہ برا دوست اور یقیناً برا ساتھی ہے۔ ﴿13﴾
اِنَّ اللّٰهَ يُدْخِلُ الَّذِيْنَ	بیشک اللہ داخل کرے گا ان لوگوں کو جو
اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ	ایمان لائے اور انہوں نے نیک عمل کیے
جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ ؕ	(ایسے) باغات میں (کہ) بہتی ہونگی انکے نیچے سے نہریں
اِنَّ اللّٰهَ يَفْعَلُ مَا يُرِيْدُ ﴿14﴾	بے شک اللہ کرتا ہے جو چاہتا ہے۔ ﴿14﴾
مَنْ كَانَ يَظُنُّ	جو شخص (یہ) گمان کرتا ہے
اَنْ لَّنْ يَّنْصُرَهُ اللّٰهُ	کہ ہرگز نہیں مدد کرے گا اللہ اُس (رسول) کی
فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ	دنیا میں اور آخرت میں
فَلْيَمْدُدْ بِسَبَبٍ اِلَى السَّمَآءِ	تو چاہیے کہ وہ دراز کرے ایک رسی کو آسمان تک
ثُمَّ لْيَقْطَعْ	پھر چاہیے کہ وہ کاٹ دے (اسے)
فَلْيَنْظُرْ هَلْ يُذْهِبَنَّ كَيْدُهٗ	پھر چاہیے کہ وہ دیکھے کیا واقعی لے جاتی ہے اسکی تدبیر
مَا يَغِيْظُ ﴿15﴾	(اس چیز کو) جو غصہ دلاتی ہے۔ ﴿15﴾

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

الْمَوْلٰى	: ولی، اولیاء کرام، ولایت، مولیٰ۔	يُرِيْدُ	: ارادہ، مرید، مراد۔
وَ	: لیل ونہار، رحم وکرم، شان وشوکت۔	يَظُنُّ	: سوءظن، بدظن، ظن غالب۔
يُدْخِلُ	: داخل، دخول، مداخلت، وزیر داخلہ۔	يَّنْصُرَهُ	: نصرت، ناصر، نصیر، انصار۔
اٰمَنُوْا	: ایمان، مؤمن، امن۔	فَلْيَمْدُدْ	: الف مدآ، حروف مدہ۔
عَمِلُوا	: عمل، اعمال، اعمال صالحہ۔	اِلَى	: مرسل الیہ، مکتوب الیہ، الداعی الی الخیر۔
تَجْرِيْ	: جاری، اجرا۔	لْيَقْطَعْ	: قطع تعلقی، قطع رحمی، قاطع، مقطوع۔
تَحْتِهَا	: ماتحت، تحت الثریٰ، تحت الشعور۔	فَلْيَنْظُرْ	: نظر، نظارہ، منظر، منظور نظر، تناظر۔
الْاَنْهٰرُ	: نہر، انہار، نہریں، محکمہ انہار۔	يَغِيْظُ	: غیظ وغضب۔

لَبِئْسَ	الْمَوْلٰى	وَ	لَبِئْسَ	الْعَشِيْرُ ⑬	اِنَّ	اللّٰهَ
بلاشبہ بُرا	دوست	اور	یقیناً بُرا	ساتھی	بیشک	اللہ

يُدْخِلُ	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	وَ	عَمِلُوا	الصّٰلِحٰتِ ①
وہ داخل کرے گا	ان لوگوں کو جو	سب ایمان لائے	اور	انہوں نے عمل کیے	نیک

جَنّٰتٍ ①	تَجْرِيْ ①	مِنْ تَحْتِهَا	الْاَنْهٰرُ	اِنَّ ②
باغات	بہتی ہونگی	ان کے نیچے سے	نہریں	بے شک

اللّٰهَ	يَفْعَلُ	مَا	يُرِيْدُ ⑭	مَنْ	كَانَ	يَظُنُّ
اللہ	وہ کرتا ہے	جو	وہ چاہتا ہے	جو (شخص)	ہے	گمان کرتا

اَنْ	لَّنْ ③	يَّنْصُرَهُ	اللّٰهُ	فِي الدُّنْيَا	وَ	الْاٰخِرَةِ ①
کہ	ہرگز نہیں	وہ مدد کرے گا اس کی	اللہ	دنیا میں	اور	آخرت

فَلْيَمْدُدْ ④	بِسَبَبٍ ⑤①	اِلَى السَّمَآءِ	ثُمَّ	لْيَقْطَعْ ④
تو چاہیے کہ وہ دراز کرے	ایک رسی کو	آسمان تک	پھر	چاہیے کہ وہ کاٹ دے

فَلْيَنْظُرْ ④	هَلْ	يُذْهِبَنَّ ⑥	كَيْدُهٗ	مَا	يَغِيْظُ ⑮
پھر چاہیے کہ وہ دیکھے	کیا	وہ واقعی لے جاتی ہے	اس کی تدبیر	جو	وہ غصہ دلاتی ہے

ضروری وضاحت

①تـ، ة، ات مؤنث کی علامتیں ہیں، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔②اِنَّ اسم کے شروع میں تاکید کی علامت ہے۔③لَنْ اگر فعل کے آخر میں ہو تو اس میں مستقبل میں تاکید کے ساتھ نفی کا مفہوم ہوتا ہے اور ترجمہ ہرگز نہیں کیا جاتا ہے۔④یہاں ساکن لام ''لْ'' اصل میں لِ تھا جس کا ترجمہ چاہیے کہ ہوتا ہے وَ، فَ اور ثُمَّ کے بعد یہ لِ ساکن ''لْ'' ہو جاتا ہے۔⑤بِ کا ترجمہ کبھی سے، ساتھ کبھی کا، کی، کے، کو کبھی پر کبھی بدلہ اور کبھی بسبب، بوجہ کیا جاتا ہے۔⑥فعل کے آخر نّ تاکید کی علامت ہے۔

وَكَذٰلِكَ اَنۡزَلۡنٰهُ	اور اسی طرح ہم نے نازل کیا اسے
اٰيٰتٍۭ بَيِّنٰتٍ ۙ	واضح آیات کی صورت میں
وَّاَنَّ اللّٰهَ يَهۡدِىۡ مَنۡ يُّرِيۡدُ ﴿16﴾	اور بیشک اللہ ہدایت دیتا ہے جسے چاہتا ہے۔﴿16﴾
اِنَّ الَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡا	بیشک وہ لوگ جو ایمان لائے
وَالَّذِيۡنَ هَادُوۡا وَالصّٰبِـِٕيۡنَ	اور وہ لوگ جو یہودی بنے اور صابی (بے دین لوگ)
وَالنَّصٰرٰى وَالۡمَجُوۡسَ	اور نصاریٰ اور مجوسی
وَالَّذِيۡنَ اَشۡرَكُوۡٓا ۖ	اور وہ لوگ جنہوں نے شرک کیا
اِنَّ اللّٰهَ يَفۡصِلُ بَيۡنَهُمۡ	یقیناً اللہ فیصلہ کرے گا ان سب کے درمیان
يَوۡمَ الۡقِيٰمَةِ ؕ	قیامت کے دن
اِنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَىۡءٍ شَهِيۡدٌ ﴿17﴾	بے شک اللہ ہر چیز پر گواہ ہے۔﴿17﴾
اَلَمۡ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ	کیا نہیں دیکھا آپ نے کہ بے شک اللہ
يَسۡجُدُ لَهٗ مَنۡ فِى السَّمٰوٰتِ	(ہر ایک) سجدہ کرتا ہے اسی کو جو آسمانوں میں ہے

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

كَذٰلِكَ	: کما حقہ، کالعدم۔	بَيۡنَهُمۡ	: بین بین، بین السطور، بین الاقوامی۔
اَنۡزَلۡنٰهُ	: نازل، نزول، انزال، منزل من اللہ۔	يَوۡمَ	: یوم، ایام، یوم آخرت۔
بَيِّنٰتٍ	: بیان، دلیل بین، مبینہ طور پر۔	عَلٰى	: علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔
يَهۡدِىۡ	: ہدایت، ہادیٔ برحق، ہادیٔ کائنات۔	شَهِيۡدٌ	: شاہد، شہید، شہادت۔
يُّرِيۡدُ	: ارادہ، مرید، مراد۔	تَرَ	: مرئی و غیر مرئی اشیاء، رویئت ہلال۔
اٰمَنُوۡا	: ایمان، مؤمن، امن۔	يَسۡجُدُ	: سجدہ، مسجود ملائکہ، ساجد۔
اَشۡرَكُوۡٓا	: شرک، شریک، مشرک، شراکت۔	فِى	: فی الحال، فی الفور، فی الحقیقت۔
يَفۡصِلُ	: فیصلہ، فیصلے کا دن۔	السَّمٰوٰتِ	: کتب سماویہ، ارض و سما۔

وَ	كَذٰلِكَ	اَنۡزَلۡنٰهُ ①	اٰيٰتٍۭ ②	بَيِّنٰتٍ ② لا	وَّ
اور	اسی طرح	ہم نے نازل کیا اسے	آیات	واضح	اور

اَنَّ ③	اللّٰهَ	يَهۡدِىۡ	مَنۡ	يُّرِيۡدُ ⑯	اِنَّ ③	الَّذِيۡنَ
بیشک	اللہ	وہ ہدایت دیتا ہے	جسے	وہ چاہتا ہے	بیشک	وہ لوگ جو

اٰمَنُوۡا	وَ	الَّذِيۡنَ	هَادُوۡا	وَ	الصّٰبِـِٕيۡنَ
سب ایمان لائے	اور	وہ لوگ جو	سب یہودی	اور	سب بے دین

وَ	النَّصٰرٰى	وَ	الۡمَجُوۡسَ	وَ	الَّذِيۡنَ	اَشۡرَكُوۡۤا ۖ
اور	نصاریٰ	اور	مجوسی	اور	وہ لوگ جن	سب نے شرک کیا

اِنَّ ③	اللّٰهَ	يَفۡصِلُ	بَيۡنَهُمۡ	يَوۡمَ الۡقِيٰمَةِ ② ط
یقیناً	اللہ	وہ فیصلہ کرے گا	ان کے درمیان	قیامت کے دن

اِنَّ اللّٰهَ ③	عَلٰى كُلِّ شَىۡءٍ	شَهِيۡدٌ ⑰	اَ	لَمۡ ④	تَرَ ⑤
بیشک اللہ	ہر چیز پر	گواہ	کیا	نہیں	دیکھا آپ نے

اَنَّ ③	اللّٰهَ	يَسۡجُدُ	لَهٗ ⑥	مَنۡ	فِى السَّمٰوٰتِ ②
کہ بے شک	اللہ	وہ سجدہ کرتا ہے	اُسی کو	جو	آسمانوں میں

ضروری وضاحت

① اَنۡزَلَ کے شروع میں "اَ" فعل کے معنی میں تبدیلی لانے کے لیے ہے مثلاً: نَزَلَ: اترا، اَنۡزَلَ: اُتارا۔ ② ۃ اور ات مؤنث کی علامتیں ہیں، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ③ اِنَّ اور اَنَّ اسم کے شروع میں تاکید کی علامت ہے۔ ④ فعل سے پہلے اگر علامت لَمۡ موجود ہو تو اس میں ماضی میں کام نہ ہونے کی خبر ہوتی ہے۔ ⑤ تَرَ اصل میں تَرٰی تھا گرامر کے اُصول کے مطابق آخر سے کھڑی زبر اور ی گر گئی ہے۔ ⑥ لَهٗ میں لَ دراصل لِ تھا یہ پڑھنے میں آسانی کے لیے لِ سے لَ ہو گیا ہے۔

وَمَنْ فِي الْأَرْضِ	اور جو زمین میں ہے
وَالشَّمْسُ وَالْقَمَرُ وَالنُّجُومُ	اور سورج اور چاند اور ستارے
وَالْجِبَالُ وَالشَّجَرُ وَالدَّوَآبُّ	اور پہاڑ اور درخت اور چوپائے
وَكَثِيرٌ مِّنَ النَّاسِ ؕ	اور بہت سے لوگوں میں سے (بھی)
وَكَثِيرٌ حَقَّ عَلَيْهِ الْعَذَابُ ؕ	اور بہت (وہ ہیں کہ) ثابت ہوگیا اس پر عذاب
وَمَنْ يُّهِنِ اللّٰهُ	اور جسے اللہ ذلیل کرے
فَمَا لَهٗ مِنْ مُّكْرِمٍ ؕ	تو نہیں اس کو کوئی عزت دینے والا
اِنَّ اللّٰهَ يَفْعَلُ مَا يَشَآءُ ؕ ﴿18﴾ السجدة	بے شک اللہ کرتا ہے جو چاہتا ہے۔ ﴿18﴾
هٰذٰنِ خَصْمٰنِ	یہ دو جھگڑنے والے (گروہ) ہیں
اخْتَصَمُوْا فِيْ رَبِّهِمْ ز	انہوں نے جھگڑا کیا اپنے رب کے بارے میں
فَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا قُطِّعَتْ لَهُمْ	تو وہ لوگ جنہوں نے کفر کیا کاٹے جائیں گے انکے لیے
ثِيَابٌ مِّنْ نَّارٍ ؕ يُصَبُّ	آگ کے کپڑے، اُنڈیلا جائے گا

السجدة 6

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

فِي	: فی الحال، فی الفور، فی الحقیقت۔	يُّهِنِ	: توہین، اہانت۔
الْأَرْضِ	: ارض وسما، قطعہ اراضی، ارض مقدس۔	يَفْعَلُ	: فعل، فاعل، مفعول، افعال۔
الْقَمَرُ	: شمس وقمر، قمری مہینہ۔	يَشَآءُ	: ماشاء اللہ، ان شاء اللہ، مشیت الٰہی۔
النُّجُومُ	: نجم، نجوم، نجومی، علم نجوم۔	هٰذٰنِ	: حامل رقعہ ہذا، لہٰذا، ہذا من فضل ربی۔
الْجِبَالُ	: جبل اُحد، جبل رحمت، جبال ہمالیہ۔	خَصْمٰنِ	: مخاصمت۔
الشَّجَرُ	: شجر، اشجار، شجر کاری، شجر ممنوعہ۔	كَفَرُوْا	: کفر، کافر، کفار، کفار مکہ۔
مِّنَ	: منجانب، من وعن، من حیث القوم۔	قُطِّعَتْ	: قطع تعلقی، قطع رحمی، قاطع، مقطوع۔
عَلَيْهِ	: علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔	نَّارٍ	: یہ خاکی اپنی فطرت میں نوری ہے نہ ناری۔

وَ	مَنْ ①	فِي الْاَرْضِ	وَ	الشَّمْسُ	وَ	الْقَمَرُ	وَ
اور	جو	زمین میں	اور	سورج	اور	چاند	اور

النُّجُوْمُ	وَ	الْجِبَالُ	وَ	الشَّجَرُ	وَ	الدَّوَآبُّ	وَ
ستارے	اور	پہاڑ	اور	درخت	اور	چوپائے	اور

كَثِيْرٌ	مِّنَ النَّاسِ ؕ	وَ	كَثِيْرٌ	حَقَّ	عَلَيْهِ	الْعَذَابُ ؕ
بہت	لوگوں میں سے	اور	بہت	ثابت ہو گیا	اس پر	عذاب

وَ	مَنْ ①	يُّهِنِ	اللّٰهُ	فَمَا	لَهٗ	مِنْ مُّكْرِمٍ ②③
اور	جسے	وہ ذلیل کرے	اللہ	تو نہیں	اس کو	کوئی عزت دینے والا

اِنَّ	اللّٰهَ	يَفْعَلُ	مَا	يَشَآءُ ۩ السجدة (18)	هٰذٰنِ	خَصْمٰنِ ⑤
بے شک	اللہ	وہ کرتا ہے	جو	وہ چاہتا ہے	یہ دو	دونوں جھگڑنے والے

اخْتَصَمُوْا	فِيْ رَبِّهِمْ ؗ	فَالَّذِيْنَ	كَفَرُوْا
انہوں نے جھگڑا کیا	اپنے رب (کے بارے) میں	تو وہ لوگ جن	سب نے کفر کیا

قُطِّعَتْ ⑥	لَهُمْ	ثِيَابٌ	مِّنْ نَّارٍ ؕ	يُصَبُّ ⑦
کاٹے جائیں گے	ان کے لیے	کپڑے	آگ سے	وہ اُنڈیلا جائے گا

السجدة 6

ضروری وضاحت

①مَنْ کا ترجمہ کبھی جو، جس اور کبھی کون کیا جاتا ہے۔② یہاں مِنْ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔③اسم کے شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زیر میں کرنے والے کا مفہوم ہے۔④ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے اسی لیے ترجمہ کوئی کیا گیا ہے۔⑤ اسم کے آخر میں ـٰنِ میں کسی چیز کے تعداد میں دو ہونے کا مفہوم ہے۔⑥ تْ فعل کے آخر میں واحد مؤنث کی علامت ہے۔⑦ اگر یُ پر پیش اور آخر سے پہلے زبر ہو تو اس فعل میں کیا جاتا ہے یا کیا جائے گا کا مفہوم ہوتا ہے۔

مِنْ فَوْقِ رُءُوْسِهِمُ الْحَمِيْمُ ۚ ﴿19﴾	ان کے سروں کے اوپر سے کھولتا ہوا پانی۔ ﴿19﴾
يُصْهَرُ بِهٖ	پگھلا دیا جائے گا اس کے ذریعے
مَا فِيْ بُطُوْنِهِمْ وَالْجُلُوْدُ ۭ ﴿20﴾	جو انکے پیٹوں میں ہے اور (انکے) چمڑے بھی۔ ﴿20﴾
وَلَهُمْ مَّقَامِعُ مِنْ حَدِيْدٍ ﴿21﴾	اور ان کے لیے ہتھوڑے ہونگے لوہے کے۔ ﴿21﴾
كُلَّمَآ اَرَادُوْٓا اَنْ يَّخْرُجُوْا مِنْهَا	جب کبھی وہ ارادہ کریں گے کہ وہ نکلیں اس (آگ) سے
مِنْ غَمٍّ	غم (اور گھٹن کی وجہ سے) سے
اُعِيْدُوْا فِيْهَا ۤ ق	واپس لوٹا دیے جائیں گے اس میں
ع 2 12 9 وَذُوْقُوْا عَذَابَ الْحَرِيْقِ ع ﴿22﴾	اور (کہا جائے گا) چکھو جلنے کا عذاب۔ ع ﴿22﴾
اِنَّ اللّٰهَ يُدْخِلُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا	بیشک اللہ داخل کرے گا ان لوگوں کو جو ایمان لائے
وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ جَنّٰتٍ	انہوں نے نیک عمل کیے (ایسے) باغات میں
تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ	بہتی ہونگی ان کے نیچے سے نہریں
يُحَلَّوْنَ فِيْهَا	وہ پہنائے جائیں گے اس میں

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

مِنْ : منجانب، من وعن، من حیث القوم۔
فَوْقِ : فوق، فوقیت، مافوق الفطرت۔
رُءُوْسِهِمْ : رأس المال، رئیس، رؤساء۔
فِيْ : فی الحال، فی الفور، فی الحقیقت۔
بُطُوْنِهِمْ : بطن مادر۔
الْجُلُوْدُ : جلد، امراض جلد۔
اَرَادُوْٓا : ارادہ، مرید، مراد۔
يَّخْرُجُوْا : خارج، خروج، اخراج، وزیر خارجہ۔

اُعِيْدُوْا : اعادہ، عود کر آنا۔
ذُوْقُوْا : ذائقہ، خوش ذائقہ، بدذائقہ۔
يُدْخِلُ : داخل، دخول، مداخلت، وزیر داخلہ۔
عَمِلُوْا : عمل، اعمال، اعمال صالحہ۔
الصّٰلِحٰتِ : صالح، صلح، اعمال صالحہ۔
تَجْرِيْ : جاری، اجرا۔
تَحْتِهَا : ماتحت، تحت الثریٰ، تحت الشعور۔
الْاَنْهٰرُ : نہر، انہار، نہریں، محکمہ انہار۔

مِنْ فَوْقِ	رُءُوْسِهِمُ	الْحَمِيْمُ ج (19)	يُصْهَرُ ①
اوپر سے	ان کے سروں کے	کھولتا ہوا پانی	پگھلا دیا جائے گا

بِهٖ ②	مَا	فِيْ بُطُوْنِهِمْ	وَ	الْجُلُوْدُ ط (20)	وَ
اس کے ذریعے	جو	انکے پیٹوں میں	اور	چمڑے	اور

لَهُمْ ③	مَّقَامِعُ	مِنْ حَدِيْدٍ (21)	كُلَّمَآ	اَرَادُوْٓا
ان کے لیے	ہتھوڑے	لوہے سے	جب کبھی	وہ سب ارادہ کریں گے

اَنْ يَّخْرُجُوْا	مِنْهَا	مِنْ غَمٍّ	اُعِيْدُوْا ④
کہ وہ سب نکلیں	اس (آگ) سے	غم (اور گھٹن کی وجہ) سے	سب واپس لوٹا دیے جائیں گے

2
ع 12
9

فِيْهَا ق	وَ	ذُوْقُوْا	عَذَابَ الْحَرِيْقِ ع (22)	اِنَّ اللّٰهَ	يُدْخِلُ
اس میں	اور	تم سب چکھو	جلنے کا عذاب	بیشک اللہ	وہ داخل کرے گا

الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	وَعَمِلُوا	الصّٰلِحٰتِ ⑤	جَنّٰتٍ ⑤
ان لوگوں کو جو	سب ایمان لائے	اور انہوں نے عمل کیے	نیک	باغات میں

تَجْرِيْ ⑤	مِنْ تَحْتِهَا	الْاَنْهٰرُ	يُحَلَّوْنَ ①	فِيْهَا
بہتی ہونگی	ان کے نیچے سے	نہریں	وہ سب پہنائے جائیں گے	اس میں

ضروری وضاحت

①اگر یہ پر پیش اور آخر سے پہلے زبر ہو تو اس فعل میں کیا جاتا ہے یا کیا جائے گا کا مفہوم ہوتا ہے۔② بِہ کا ترجمہ کبھی سے، ساتھ کبھی کا، کی، کے، کو کبھی پر کبھی بدلہ اور کبھی بسبب، بذریعہ کیا جاتا ہے۔③ لَهُمْ میں لَ دراصل لِ تھا یہ پڑھنے میں آسانی کے لیے لِ سے لَ ہو جاتا ہے۔④ اُعِيْدُوْا اصل میں اُعْوِدُوْا تھا گرامر کے اصول کے مطابق واؤ کو یا سے بدلہ گیا ہے اور زیر پچھلے حرف کو دے دی گئی ہے۔⑤ ات اور ة مؤنث کی علامتیں ہیں، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔

مِنْ اَسَاوِرَ مِنْ ذَهَبٍ وَّ لُؤْلُؤًا ؕ	کنگن سونے کے اور موتی (بھی)
وَلِبَاسُهُمْ فِيْهَا حَرِيْرٌ ﴿23﴾	اور ان کا لباس اس میں ریشم کا ہوگا۔ ﴿23﴾
وَهُدُوْٓا	اور وہ ہدایت دیے گئے (دنیا میں)
اِلَى الطَّيِّبِ مِنَ الْقَوْلِ ۚۖ	پاکیزہ بات (توحید) کی طرف
وَهُدُوْٓا	اور وہ ہدایت دیے گئے
اِلٰى صِرَاطِ الْحَمِيْدِ ﴿24﴾	تعریفوں والے (رب) کے رستے کی طرف۔ ﴿24﴾
اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا	بے شک وہ لوگ جنہوں نے کفر کیا
وَيَصُدُّوْنَ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ	اور وہ روکتے ہیں اللہ کے راستے سے
وَالْمَسْجِدِ الْحَرَامِ الَّذِيْ جَعَلْنٰهُ	اور حرمت والی مسجد سے وہ جو ہم نے بنایا اسے
لِلنَّاسِ سَوَآءَ ۨ الْعَاكِفُ فِيْهِ	لوگوں کے لیے برابر (چاہے) مقیم ہو اس میں
وَالْبَادِ ؕ وَمَنْ يُّرِدْ	اور (یا) باہر سے آنے والے ہو اور جو ارادہ کرے
فِيْهِ بِاِلْحَادٍ بِظُلْمٍ	اس میں کج روی کا ظلم کے ساتھ

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

مِنْ	: منجانب، من وعن، من حیث القوم۔	الْقَوْلِ	: قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔
وَّ	: لیل ونہار، رحم وکرم، شان وشوکت۔	صِرَاطِ	: صراط مستقیم، پل صراط۔
لِبَاسُهُمْ	: لباس، ملبوسات، ملبوس۔	الْحَمِيْدِ	: حمد وثنا، حامد، محمود۔
فِيْهَا	: فی الحال، فی الفور، فی الحقیقت۔	كَفَرُوْا	: کفر، کافر، کفار، کفار مکہ۔
حَرِيْرٌ	: حریر وریشم۔	سَوَآءَ	: مساوی، مساوات، خط استواء۔
هُدُوْٓا	: ہدایت، ہادیٔ برحق، ہادیٔ کائنات۔	الْعَاكِفُ	: اعتکاف، معتکف۔
اِلَى	: مرسل الیہ، مکتوب الیہ، الداعی الی الخیر۔	يُّرِدْ	: ارادہ، مرید، مراد۔
الطَّيِّبِ	: طیب، طیبات، کلمہ طیبہ، مدینہ طیبہ۔	بِاِلْحَادٍ	: الحاد، ملحد۔

مِنْ اَسَاوِرَ ①	مِنْ ذَهَبٍ	وَّ	لُؤْلُؤًا ط	وَ	لِبَاسُهُمْ ②
کنگن	سونے سے	اور	موتی	اور	ان کا لباس

فِيْهَا	حَرِيْرٌ ﴿23﴾	وَ	هُدُوْٓا ③	اِلَى الطَّيِّبِ مِنَ الْقَوْلِ ① صلے
اس میں	ریشم	اور	وہ سب ہدایت دیے گئے	پاکیزہ بات (توحید) کی طرف

وَ	هُدُوْٓا ③	اِلٰى صِرَاطِ الْحَمِيْدِ ﴿24﴾
اور	وہ سب ہدایت دیے گئے	تعریفوں والے (رب) کے راستے کی طرف

اِنَّ	الَّذِيْنَ	كَفَرُوْا	وَ	يَصُدُّوْنَ	عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ
بے شک	وہ لوگ جن	سب نے کفر کیا	اور	وہ سب روکتے ہیں	اللہ کے راستے سے

وَ	الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ	الَّذِيْ	جَعَلْنٰهُ ④	لِلنَّاسِ
اور	حرمت والی مسجد	جو	ہم نے بنایا اسے	لوگوں کے لیے

سَوَآءَ	الْعَاكِفُ	فِيْهِ	وَ	الْبَادِ ط
برابر	مقیم	اس میں	اور	باہر سے آنے والا

وَ	مَنْ	يُّرِدْ	فِيْهِ	بِاِلْحَادٍ ⑤	بِظُلْمٍ ⑤
اور	جو	وہ ارادہ کرے	اس میں	کج روی کا	ظلم کے ساتھ

ضروری وضاحت

①یہاں مِنْ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔②هُمْ اگر اسم کے آخر میں ہو تو ترجمہ انکا، انکی، انکے یا اپنا، اپنی، اپنے کیا جاتا ہے۔
③هُدُوْا اصل میں هُدِيُوْا تھا فعل کے شروع میں پیش اور آخر سے پہلے زیر ہو تو ترجمہ کیا گیا ہوتا ہے یہاں پڑھنے میں آسانی کے لیے یہ کی پیش "د" کو دے کر اسے حذف کیا گیا ہے۔③نَا اگر فعل کے آخر میں ہو اور اس سے پہلے جزم ہو تو ترجمہ ہم نے کیا جاتا ہے۔④هٗ فعل کے آخر میں ہو تو ترجمہ اسے کیا جاتا ہے۔⑤بِ کا ترجمہ کبھی سے، ساتھ کبھی کا، کی، کے، کو کیا جاتا ہے۔

ع 3/3 10

نُذِقْهُ مِنْ عَذَابٍ اَلِيْمٍ ﴿25﴾ ع	(تو) ہم مزہ چکھائیں گے اسے دردناک عذاب سے۔ ﴿25﴾
وَاِذْ بَوَّاْنَا لِاِبْرٰهِيْمَ مَكَانَ الْبَيْتِ	اور جب ہم نے مقرر کردی ابراہیم کے لیے بیت اللہ کی جگہ
اَنْ لَّا تُشْرِكْ بِيْ شَيْـًٔا	(اور اسے حکم دیا) کہ نہ تو شریک ٹھہرا میرے ساتھ کسی کو
وَّطَهِّرْ بَيْتِيَ لِلطَّآئِفِيْنَ	اور تو پاک کر میرے گھر کو طواف کرنیوالوں کے لیے
وَالْقَآئِمِيْنَ وَالرُّكَّعِ	اور قیام کرنے والوں اور رکوع کرنے والوں
السُّجُوْدِ ﴿26﴾	(اور) سجدہ کرنے والوں (کے لیے)۔ ﴿26﴾
وَاَذِّنْ فِي النَّاسِ بِالْحَجِّ	اور تو اعلان کردے لوگوں میں حج کا
يَاْتُوْكَ رِجَالًا	وہ آئیں گے تیرے پاس پیدل
وَّعَلٰى كُلِّ ضَامِرٍ	اور ہر دبلے پتلے اُونٹ پر (سوار ہوکر)
يَّاْتِيْنَ مِنْ كُلِّ فَجٍّ عَمِيْقٍ ﴿27﴾ لا	وہ (اُونٹ) آئیں گے ہر دور دراز راستے سے۔ ﴿27﴾
لِّيَشْهَدُوْا مَنَافِعَ لَهُمْ	تاکہ وہ حاضر ہوں اپنے (دین ودنیا کے) فوائد میں
وَيَذْكُرُوا اسْمَ اللّٰهِ	اور (ذبح کے وقت) وہ اللہ کے نام کا ذکر کریں

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

نُذِقْهُ	ذائقہ، خوش ذائقہ، بدذائقہ۔	الْقَآئِمِيْنَ	قائم، قیام، مقیم، قیامت، قوم۔
اَلِيْمٍ	الم ناک حادثہ، عذاب الیم، رنج والم۔	الرُّكَّعِ	رکوع، رکوع وسجود، حالت رکوع۔
مَكَانَ	کون ومکان، امکان، مکانات۔	اَذِّنْ	اذان۔
الْبَيْتِ	بیت اللہ، بیت المقدس، بیت الخلا۔	رِجَالًا	رجال کار، قحط الرجال۔
تُشْرِكْ	شرک، شریک، مشرک، شراکت۔	عَلٰى	علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔
طَهِّرْ	طاہر، طہارت، ازواج مطہرات۔	لِّيَشْهَدُوْا	شاہد، شہید، شہادت، مشہود۔
بَيْتِيَ	بیت اللہ، بیت المقدس، بیت الخلا۔	يَذْكُرُوا	ذکر، اذکار، تذکرہ، مذاکرہ۔
لِلطَّآئِفِيْنَ	طواف، طواف بیت اللہ۔	اسْمَ	اسم، اسم گرامی، اسم بامسمّٰی۔

ع 3 3 10

نُذِقْهُ	مِنْ عَذَابٍ	اَلِيْمٍ ﴿25﴾ ع	وَ	اِذْ	بَوَّاْنَا ①
ہم مزہ چکھائیں گے اسے	عذاب سے	دردناک	اور	جب	ہم نے مقرر کردی

لِاِبْرٰهِيْمَ	مَكَانَ	الْبَيْتِ	اَنْ	لَّا تُشْرِكْ ②	بِيْ ③
ابراہیم کے لیے	جگہ	بیت اللہ کی	کہ	نہ تو شریک ٹھہرا	میرے ساتھ

شَيْـًٔا	وَّ	طَهِّرْ	بَيْتِيَ	لِلطَّآئِفِيْنَ ④
کسی کو	اور	تو پاک کر	میرا گھر	طواف کرنیوالوں کے لیے

وَ	الْقَآئِمِيْنَ ④	وَ	الرُّكَّعِ	السُّجُوْدِ ﴿26﴾
اور	سب قیام کرنے والوں	اور	رکوع کرنے والوں	سجدہ کرنے والوں

وَ	اَذِّنْ	فِي النَّاسِ	بِالْحَجِّ ③	يَاْتُوْكَ ⑤	رِجَالًا
اور	تو اعلان کردے	لوگوں میں	حج کا	وہ سب آئیں گے تیرے پاس	پیدل

وَّ	عَلٰى كُلِّ ضَامِرٍ	يَّاْتِيْنَ	مِنْ كُلِّ فَجٍّ عَمِيْقٍ ﴿27﴾ لا
اور	ہر دبلے پتلے اُونٹ پر	وہ آئیں گے	ہر دور دراز راستے سے

لِّيَشْهَدُوْا ⑥	مَنَافِعَ لَهُمْ ⑦	وَ	يَذْكُرُوا	اسْمَ اللّٰهِ
تاکہ وہ سب حاضر ہوں	اپنے فوائد میں	اور	وہ سب ذکر کریں	اللہ کا نام

ضروری وضاحت

① نَا اگر فعل کے آخر میں ہو اور اس سے پہلے جزم ہو تو ترجمہ ہم نے کیا جاتا ہے۔ ② لَا کے بعد فعل کے آخر میں سکون میں واحد کو کام نہ کرنے کا حکم ہوتا ہے۔ ③ بِ کا ترجمہ کبھی سے، ساتھ کبھی کا، کی، کے، کو کبھی پر کبھی بدلہ اور کبھی بسبب، بوجہ کیا جاتا ہے۔ ④ فَاعِلٌ کے سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں کرنیوالے کا مفہوم ہے۔ ⑤ وْا کے بعد اگر کوئی اور علامت لگانی ہو تو اسکا "ا" گر جاتا ہے۔ ⑥ فعل کے شروع میں لِ کا ترجمہ کبھی تاکہ اور کبھی چاہیے کہ کیا جاتا ہے۔ ⑦ علامت لَ اصل میں لِ تھا آسانی کے لیے لَ ہو گیا ہے اور یہاں لَ کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہے۔

فِيْٓ اَيَّامٍ مَّعْلُوْمٰتٍ عَلٰى مَا رَزَقَهُمْ	چند معلوم دنوں میں ان پر جو اس نے دیے انہیں
مِّنْۢ بَهِيْمَةِ الْاَنْعَامِ ۚ فَكُلُوْا مِنْهَا	پالتو چوپاؤں میں سے تو کھاؤ ان میں سے (تم بھی)
وَاَطْعِمُوا الْبَآئِسَ الْفَقِيْرَ ﴿28﴾	اور کھلاؤ (بھوکے) تنگ دست محتاج کو۔ ﴿28﴾
ثُمَّ لْيَقْضُوْا تَفَثَهُمْ	پھر چاہیے کہ وہ دور کریں اپنا میل کچیل
وَلْيُوْفُوْا نُذُوْرَهُمْ	اور چاہیے کہ وہ پورا کریں اپنی نذروں کو
وَلْيَطَّوَّفُوْا بِالْبَيْتِ الْعَتِيْقِ ﴿29﴾	اور چاہیے کہ وہ طواف کریں قدیم گھر کا۔ ﴿29﴾
ذٰلِكَ ۗ وَمَنْ يُّعَظِّمْ حُرُمٰتِ اللّٰهِ	یہی (ہمارا حکم) ہے اور جو تعظیم کرے اللہ کی حرمتوں کی
فَهُوَ خَيْرٌ لَّهٗ عِنْدَ رَبِّهٖ ۭ	تو وہ بہتر ہے اس کے لیے اسکے رب کے نزدیک
وَاُحِلَّتْ لَكُمُ الْاَنْعَامُ	اور حلال کیے گئے تمہارے لیے چوپائے
اِلَّا مَا يُتْلٰى عَلَيْكُمْ	سوائے ان کے جو پڑھ کر سنائے جاتے ہیں تم پر
فَاجْتَنِبُوا الرِّجْسَ مِنَ الْاَوْثَانِ	پس تم بچو بتوں کی ناپاکی سے
وَاجْتَنِبُوْا قَوْلَ الزُّوْرِ ۙ ﴿30﴾	اور بچو تم جھوٹی بات سے۔ ﴿30﴾

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

مَّعْلُوْمٰتٍ	علم، عالم، معلوم، تعلیم، معلومات۔	لْيَطَّوَّفُوْا	طواف، طواف بیت اللہ۔
الْاَنْعَامِ	عوام کالانعام۔	يُعَظِّمْ	اجر عظیم، عظمت، معظم، تعظیم۔
فَكُلُوْا	اکل وشرب، ماکولات ومشروبات۔	حُرُمٰتِ	محرّم، حرمت، احترام۔
اَطْعِمُوْا	قیام وطعام۔	خَيْرٌ	خیر، خیریت، خیرخواہی، صبح بخیر۔
الْفَقِيْرَ	فقر وفاقہ، فقیر، فقرا ومساکین۔	اُحِلَّتْ	حلال وحرام، رزق حلال، کسب حلال۔
لْيَقْضُوْا	قضا، قاضی، قاضی القضاۃ۔	يُتْلٰى	تلاوت، وحی متلو۔
لْيُوْفُوْا	وفا، ایفائے عہد، وفادار۔	فَاجْتَنِبُوْا	اجتناب۔
نُذُوْرَهُمْ	نذر ماننا، نذر ونیاز۔	قَوْلَ	قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔

فِيْٓ اَيَّامٍ	مَّعْلُوْمٰتٍ ①	عَلٰى مَا	رَزَقَهُمْ	مِّنْۢ بَهِيْمَةِ الْاَنْعَامِ ۚ ①
دنوں میں	معلوم	(اس) پر جو	اس نے دیے انہیں	پالتو چوپاؤں میں سے

فَكُلُوْا	مِنْهَا	وَ	اَطْعِمُوا ②	الْبَآئِسَ	الْفَقِيْرَ ۝28
تو تم سب کھاؤ	ان میں سے	اور	تم سب کھلاؤ	تنگ دست (بھوکے)	محتاج (کو)

ثُمَّ	لْيَقْضُوْا ③	تَفَثَهُمْ	وَ	لْيُوْفُوْا ③	نُذُوْرَهُمْ
پھر	چاہیے کہ وہ سب دور کریں	اپنا میل کچیل	اور	چاہیے کہ وہ سب پورا کریں	اپنی نذریں

وَ	لْيَطَّوَّفُوْا ③	بِالْبَيْتِ الْعَتِيْقِ ۝29 ④	ذٰلِكَ ۗ ⑤	وَمَنْ
اور	چاہیے کہ وہ سب طواف کریں	قدیم گھر کا	یہ	اور جو

يُّعَظِّمْ	حُرُمٰتِ اللّٰهِ ①	فَهُوَ	خَيْرٌ	لَّهٗ	عِنْدَ رَبِّهٖ ؕ	وَ
وہ تعظیم کرے	اللہ کی حرمتوں (کی)	تو وہ	بہتر	اس کیلئے	اسکے رب کے نزدیک	اور

اُحِلَّتْ ①	لَكُمُ	الْاَنْعَامُ	اِلَّا مَا	يُتْلٰى	عَلَيْكُمْ
حلال کیے گئے	تمہارے لیے	چوپائے	سوائے جو	وہ پڑھے جاتے ہیں	تم پر

فَاجْتَنِبُوا	الرِّجْسَ	مِنَ الْاَوْثَانِ ⑥	وَ	اجْتَنِبُوْا ②	قَوْلَ الزُّوْرِ ۝30 ۙ
پس تم سب بچو	ناپاکی (سے)	بتوں (کی)	اور	تم سب بچو	جھوٹی بات (سے)

ضروری وضاحت

①ۃ، ات یا تْ مؤنث کی علامتیں ہیں، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ②فعل کے شروع میں اُ اور آخر میں وا ہو تو اس فعل میں کام کرنے کا حکم ہوتا ہے۔ ③اگر فعل کے شروع میں لِ اور اس سے پہلے وَ یا فَ یا ثُمَّ آجائے تو یہ لام ساکن ہو جاتا ہے البتہ معنی میں کوئی فرق نہیں پڑتا۔ ④بِ کا ترجمہ کبھی سے، ساتھ کبھی کا، کی، کے، کو کیا جاتا ہے۔ ⑤ذٰلِكَ کا اصل ترجمہ وہ ہے کبھی ضرورتاً اس کا ترجمہ یہ بھی کردیا جاتا ہے۔ ⑥یہاں مِنَ کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہے۔

حُنَفَآءَ لِلّٰهِ	یکسو ہو کر اللہ کے لیے (اس حال میں کہ)
غَيْرَ مُشْرِكِيْنَ بِهٖ ؕ	نہیں وہ شریک ٹھہرانے والے اسکے ساتھ
وَمَنْ يُّشْرِكْ بِاللّٰهِ	اور جو شریک ٹھہرائے اللہ کے ساتھ
فَكَاَنَّمَا خَرَّ مِنَ السَّمَآءِ	تو گویا وہ گر پڑا آسمان سے
فَتَخْطَفُهُ الطَّيْرُ اَوْ تَهْوِىْ	تو اچک لے جائیں اسے پرندے یا گرادے
بِهِ الرِّيْحُ فِىْ مَكَانٍ سَحِيْقٍ ﴿31﴾	اس کو ہوا کسی دور جگہ میں۔ ﴿31﴾
ذٰلِكَ ۗ وَمَنْ يُّعَظِّمْ	یہی (بات) ہے، اور جو تعظیم کرتا ہے
شَعَآئِرَ اللّٰهِ	اللہ کی (عظمت کی) نشانیوں کی
فَاِنَّهَا مِنْ تَقْوَى الْقُلُوْبِ ﴿32﴾	تو بے شک یہ دلوں کے تقویٰ سے ہے۔ ﴿32﴾
لَكُمْ فِيْهَا مَنَافِعُ	تمہارے لیے ان (چوپاؤں) میں منافع ہے
اِلٰٓى اَجَلٍ مُّسَمًّى	ایک مقررہ وقت تک
ثُمَّ مَحِلُّهَآ	پھر ان کے حلال (ذبح) ہونے کی جگہ

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

حُنَفَآءَ	: دین حنیف۔	يُّعَظِّمْ	: اجر عظیم، عظمت، معظم، تعظیم۔
غَيْرَ	: دیار غیر، غیر اللہ۔	شَعَآئِرَ	: شعائر اسلامی۔
بِهٖ	: بالکل، بہر حال، بالواسطہ، بالمشافہ۔	تَقْوَى	: تقویٰ، متقی۔
مِنَ	: منجانب، من وعن، من حیث القوم۔	مَنَافِعُ	: نفع، منافع، منفعت، نفع ونقصان۔
الطَّيْرُ	: طائر، طیور، طیارہ، اے طائر لاہوتی۔	اِلٰٓى	: مرسل الیہ، مکتوب الیہ، الداعی الی الخیر۔
الرِّيْحُ	: ریح، ریح المسک، ریح بادی۔	اَجَلٍ	: اجل، فرشتۂ اجل، لقمۂ اجل۔
فِىْ	: فی الحال، فی الفور، فی الحقیقت۔	مُّسَمًّى	: اسم، اسم گرامی، اسم بامسمّٰی۔
مَكَانٍ	: کون ومکان، مکانات۔	مَحِلُّهَآ	: حلال۔ حلت وحرمت۔

حُنَفَآءَ	لِلّٰهِ	غَيْرَ	مُشْرِكِيْنَ ①	بِهٖ ؕ
یکسو	اللہ کے لیے	نہ	سب شریک ٹھہرانے والے	اس کے ساتھ

وَ	مَنْ	يُّشْرِكْ	بِاللّٰهِ	فَكَاَنَّمَا ②	خَرَّ
اور	جو	وہ شریک ٹھہرائے	اللہ کے ساتھ	تو گویا کہ	وہ گر پڑا

مِنَ السَّمَآءِ	فَتَخْطَفُهُ ③④	الطَّيْرُ	اَوْ	تَهْوِيْ ③
آسمان سے	تو اچک لے جائیں اسے	پرندے	یا	وہ گرا دے

بِهِ	الرِّيْحُ	فِيْ مَكَانٍ ⑤	سَحِيْقٍ ﴿31﴾
اس کو	ہوا	کسی جگہ میں	دور

ذٰلِكَ ⑥ ۗ	وَ	مَنْ	يُّعَظِّمْ	شَعَآئِرَ اللّٰهِ
یہی (بات) ہے	اور	جو	وہ تعظیم کرتا ہے	اللہ کی نشانیوں کی

فَاِنَّهَا	مِنْ تَقْوَى الْقُلُوْبِ ﴿32﴾	لَكُمْ ⑦	فِيْهَا
تو بے شک یہ	دلوں کے تقوی سے	تمہارے لیے	ان میں

مَنَافِعُ	اِلٰٓى اَجَلٍ مُّسَمًّى ⑤	ثُمَّ	مَحِلُّهَآ
فوائد	ایک مقررہ وقت تک	پھر	ان کے حلال (ذبح) ہونے کی جگہ

ضروری وضاحت

①اسم کے شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زیر میں کرنے والے کا مفہوم ہے۔② كَاَنَّ کے ساتھ مَا ہو تو اس میں گویا کہ ایسا ہی ہے کا مفہوم ہوتا ہے۔③ تَ فعل کے شروع میں واحد مؤنث کی علامت ہے، اسکا الگ ترجمہ ممکن نہیں۔④ ہٗ فعل کے آخر میں ہو تو ترجمہ اسے کیا جاتا ہے۔⑤ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے اسی لیے ترجمہ کسی یا ایک کیا گیا ہے۔⑥ ذٰلِكَ کا اصل ترجمہ وہ ہے، کبھی ضرورتاً ترجمہ یہ، یا اس بھی کر دیا جاتا ہے۔⑦ لَكُمْ میں لَ دراصل لِ تھا پڑھنے میں آسانی کے لیے لَ کر دیا گیا ہے۔

ع 4 8 11

اِلَى الْبَيْتِ الْعَتِيْقِ ﴿33﴾ ع	قدیم گھر (بیت اللہ) کی طرف ہے۔ ﴿33﴾
وَلِكُلِّ اُمَّةٍ جَعَلْنَا مَنْسَكًا	اور ہر امت کے لیے ہم نے مقرر کی ہے قربانی
لِّيَذْكُرُوا اسْمَ اللّٰهِ	تا کہ وہ ذکر کریں اللہ کے نام کا
عَلٰى مَا رَزَقَهُمْ	ان پر جو اس نے دیے انہیں
مِّنْۢ بَهِيْمَةِ الْاَنْعَامِ ؕ	پالتو چوپاؤں میں سے
فَاِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ	پس تمہارا معبود ایک معبود ہے
فَلَهٗٓ اَسْلِمُوْا ؕ	تو اسی کے فرمانبردار ہو جاؤ
وَبَشِّرِ الْمُخْبِتِيْنَ ﴿34﴾ لا	اور خوشخبری سنا دیجئے عاجزی کرنے والوں کو۔ ﴿34﴾
الَّذِيْنَ اِذَا ذُكِرَ اللّٰهُ	وہ لوگ جو جب ذکر کیا جائے اللہ کا
وَجِلَتْ قُلُوْبُهُمْ	ڈر جاتے ہیں ان کے دل
وَالصّٰبِرِيْنَ عَلٰى مَآ اَصَابَهُمْ	اور صبر کرنے والے ہیں اس (تکلیف) پر جو پہنچے انہیں
وَالْمُقِيْمِي الصَّلٰوةِ ۙ وَمِمَّا	اور نماز قائم کرنے والے ہیں، اور اس میں سے جو

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

الْبَيْتِ : بیت اللہ، بیت المقدس، بیت الخلا۔
لِكُلِّ : کل نمبر، کل کائنات، کل جہان۔
لِّيَذْكُرُوا : ذکر، اذکار، تذکرہ، مذاکرہ۔
اسْمَ : اسم، اسم گرامی، اسم بامسمّٰی۔
مَا : ماحول، ماتحت، ماجرا، مافوق الفطرت۔
مِّنْ : منجانب، من وعن، من حیث القوم۔
الْاَنْعَامِ : عوام کالانعام۔
فَاِلٰهُكُمْ : الہ العالمین، الوہیت، رضائے الٰہی۔

وَّاحِدٌ : واحد، توحید، موحّد، وحدانیت۔
اَسْلِمُوْا : مسلم، مسلمان، مسلمین، اسلام، تسلیم۔
بَشِّرِ : بشارت، مبشر، بشیر۔
قُلُوْبُهُمْ : قلبی تعلق، امراض قلب، قلوب واذہان۔
الصّٰبِرِيْنَ : صبر، صابر، صبر جمیل۔
اَصَابَهُمْ : مصیبت، مصائب۔
الْمُقِيْمِي : قائم، قیام، مقیم، قیامت، قوم۔
الصَّلٰوةِ : صوم وصلوٰۃ، مصلّٰی۔

• کالا رنگ: اُردو میں مستعمل الفاظ کیلئے • نیلا رنگ: بار بار استعمال ہونے والے الفاظ کیلئے • سرخ رنگ: نئے الفاظ کیلئے

ع 4 8 11

اِلَى الْبَيْتِ الْعَتِيْقِ ۝33	وَ	لِكُلِّ اُمَّةٍ ①	جَعَلْنَا
قدیم گھر کی طرف	اور	ہر امت کے لیے	ہم نے مقرر کی

مَنْسَكًا	لِّيَذْكُرُوا ②	اسْمَ اللّٰهِ	عَلٰى مَا	رَزَقَهُمْ
قربانی	تاکہ وہ سب ذکر کریں	اللہ کا نام	(ان) پر جو	اس نے دیے انہیں

مِّنْۢ بَهِيْمَةِ الْاَنْعَامِ ①	فَاِلٰهُكُمْ	اِلٰهٌ	وَّاحِدٌ	فَلَهٗٓ
پالتو چوپاؤں میں سے	پس تمہارا معبود	معبود	ایک	تو اسی کے لیے

اَسْلِمُوْا ③	وَ	بَشِّرِ	الْمُخْبِتِيْنَ ④ ۝34
تم سب فرمانبردار ہو جاؤ	اور	آپ خوشخبری سنا دیجئے	عاجزی کرنے والوں (کو)

الَّذِيْنَ	اِذَا	ذُكِرَ ⑤	اللّٰهُ	وَجِلَتْ ①
وہ لوگ جو	جب	ذکر کیا جائے	اللہ (کا)	وہ ڈر جاتے ہیں

قُلُوْبُهُمْ ⑥	وَ	الصّٰبِرِيْنَ	عَلٰى مَآ	اَصَابَهُمْ
ان کے دل	اور	سب صبر کرنے والے	(اس) پر جو	پہنچے انہیں

وَ	الْمُقِيْمِي ④	الصَّلٰوةِ ①	وَ	مِمَّا ⑦
اور	قائم کرنے والے	نماز	اور	(اس) میں سے جو

ضروری وضاحت

① ۃ اور ت مؤنث کی علامتیں ہیں، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ② فعل کے شروع میں لِ کا ترجمہ کبھی تاکہ اور کبھی چاہیے کہ کیا جاتا ہے۔ ③ فعل کے شروع میں اَ اور آخر میں وْا ہو تو اس فعل میں کام کرنے کا حکم ہوتا ہے۔ ④ اسم کے شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زیر میں کرنیوالے کا مفہوم ہے۔ ⑤ فعل کے شروع میں پیش اور آخر سے پہلے زیر ہو تو اس میں کیا گیا کا مفہوم ہوتا ہے۔ ⑥ هُمْ اگر اسم کے آخر میں ہو تو ترجمہ انکا، انکی، انکے یا اپنا، اپنی، اپنے کیا جاتا ہے۔ ⑦ مِمَّا دراصل مِنْ + مَا کا مجموعہ ہے۔

رَزَقۡنٰهُمۡ يُنۡفِقُوۡنَ ﴿35﴾	ہم نے رزق دیا انہیں وہ خرچ کرتے ہیں۔ ﴿35﴾
وَالۡبُدۡنَ جَعَلۡنٰهَا لَكُمۡ	اور قربانی کے اونٹ ہم نے بنایا انہیں تمہارے لیے
مِّنۡ شَعَآئِرِ اللّٰهِ	اللہ کی (عظمت کی) نشانیوں میں سے
لَكُمۡ فِيۡهَا خَيۡرٌ ۖ	تمہارے لیے ان میں بہت بھلائی ہے
فَاذۡكُرُوا اسۡمَ اللّٰهِ	سو تم ذکر کرو اللہ کے نام کا
عَلَيۡهَا صَوَآفَّ ۚ	ان پر قطار باندھے ہوئے (یعنی کھڑا کر کے ذبح کرو)
فَاِذَا وَجَبَتۡ جُنُوۡبُهَا	پھر جب انکے پہلو (زمین پر) گر پڑیں (اور ٹھنڈے ہو جائیں)
فَكُلُوۡا مِنۡهَا	تو کھاؤ اس میں سے
وَاَطۡعِمُوا الۡقَانِعَ	اور تم کھلاؤ قناعت کرنیوالے (محتاج) کو
وَالۡمُعۡتَرَّ ؕ كَذٰلِكَ	اور سوال کرنے والے (محتاج) کو، اسی طرح
سَخَّرۡنٰهَا لَكُمۡ	ہم نے تابع کر دیا ہے ان (چوپاؤں) کو تمہارے لیے
لَعَلَّكُمۡ تَشۡكُرُوۡنَ ﴿36﴾	تا کہ تم شکر کرو۔ ﴿36﴾

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

يُنۡفِقُوۡنَ	: نان ونفقہ، انفاق فی سبیل اللہ۔	صَوَآفَّ	: صف بندی، صف اوّل۔
وَ	: لیل ونہار، رحم وکرم، شان وشوکت۔	جُنُوۡبُهَا	: جانب۔
مِّنۡ	: منجانب، من وعن، من حیث القوم۔	فَكُلُوۡا	: اکل وشرب، ماکولات ومشروبات۔
شَعَآئِرِ	: شعائر اسلامی۔	اَطۡعِمُوا	: قیام وطعام۔
فِيۡهَا	: فی الحال، فی الفور، فی الحقیقت۔	الۡقَانِعَ	: قناعت پسندی۔
فَاذۡكُرُوا	: ذکر، اذکار، تذکرہ، مذاکرہ۔	كَذٰلِكَ	: کماحقہ، کالعدم۔
اسۡمَ	: اسم، اسم گرامی، اسم بامسمّٰی۔	سَخَّرۡنٰهَا	: مسخر، تسخیر۔
عَلَيۡهَا	: علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔	تَشۡكُرُوۡنَ	: شکر، شاکر، اظہار تشکر، شکر گزار۔

رَزَقْنٰهُمْ ①②	يُنْفِقُوْنَ ﴿35﴾	وَ	الْبُدْنَ
ہم نے رزق دیا انہیں	وہ سب خرچ کرتے ہیں	اور	قربانی کے اُونٹ

جَعَلْنٰهَا ①	لَكُمْ	مِّنْ شَعَآئِرِ اللّٰهِ
ہم نے بنایا انہیں	تمہارے لیے	اللہ کی نشانیوں میں سے

لَكُمْ	فِيْهَا	خَيْرٌ ۖ	فَاذْكُرُوا ③④	اسْمَ اللّٰهِ
تمہارے لیے	ان میں	بہت بھلائی	سوتم سب ذکر کرو	اللہ کا نام

عَلَيْهَا	صَوَآفَّ ۚ	فَاِذَا ③	وَجَبَتْ ⑤
ان پر	قطار باندھے ہوئے	پھر جب	گر پڑیں

جُنُوْبُهَا	فَكُلُوْا	مِنْهَا	وَ	اَطْعِمُوا ④
ان کے پہلو	توتم سب کھاؤ	اس میں سے	اور	تم سب کھلاؤ

الْقَانِعَ	وَ	الْمُعْتَرَّ ۭ ⑥	كَذٰلِكَ
قناعت کرنے والا	اور	سوال کرنے والا	اسی طرح

سَخَّرْنٰهَا ①	لَكُمْ	لَعَلَّكُمْ	تَشْكُرُوْنَ ﴿36﴾
ہم نے تابع کر دیا ہے اُن کو	تمہارے لیے	تاکہ تم	تم سب شکر کرو

ضروری وضاحت

①نَا اگر فعل کے آخر میں ہو اور اس سے پہلے جزم ہو تو ترجمہ ہم نے کیا جاتا ہے۔②هُمْ اگر فعل کے آخر میں ہو تو ترجمہ اُنہیں کیا جاتا ہے۔③علامت فَ کا ترجمہ کبھی پس، تو، کبھی پھر، کبھی سو وغیرہ کیا جاتا ہے۔④فعل کے شروع میں اُ اور آخر میں وْا ہو تو اس فعل میں کام کرنے کا حکم ہوتا ہے۔⑤تْ فعل کے آخر میں واحد مؤنث کی علامت ہے، اس کا الگ ترجمہ ممکن نہیں۔⑥یہ اصل میں مُعْتَرِرٌ تھا ایک جنس کے دو حروف کو شد کے ذریعے اکٹھا کر دیا گیا ہے اور اس میں کرنے والے کا مفہوم ہے۔

لَنْ يَّنَالَ اللّٰهَ لُحُوْمُهَا	ہر گز نہیں پہنچتے اللہ کو ان (قربانیوں) کے گوشت
وَلَا دِمَآؤُهَا	اور نہ ان کے خون
وَلٰكِنْ يَّنَالُهُ التَّقْوٰى مِنْكُمْ ؕ	اور لیکن پہنچتا ہے اس کو تقوی تمہاری طرف سے
كَذٰلِكَ سَخَّرَهَا لَكُمْ	اسی طرح (اللہ نے) تابع کر دیا ان (چوپاؤں) کو تمہارے لیے
لِتُكَبِّرُوا اللّٰهَ	تا کہ تم بڑائی بیان کرو اللہ کی
عَلٰى مَا هَدٰىكُمْ ؕ	اس پر کہ اس نے ہدایت دی تمہیں
وَبَشِّرِ الْمُحْسِنِيْنَ ﴿37﴾	اور خوشخبری سنا دیجئے نیکی کرنے والوں کو۔ ﴿37﴾
اِنَّ اللّٰهَ يُدٰفِعُ عَنِ الَّذِيْنَ	بیشک اللہ دور کرتا ہے (دشمنوں کو) ان لوگوں سے جو
اٰمَنُوْا ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ	ایمان لائے، بے شک اللہ پسند نہیں کرتا
كُلَّ خَوَّانٍ كَفُوْرٍ ﴿38﴾ ع	ہر بڑے خائن اور بہت ناشکرے کو۔ ﴿38﴾ ع
اُذِنَ	اجازت دے دی گئی ہے (مقابلہ کرنے کی)
لِلَّذِيْنَ يُقٰتَلُوْنَ	ان لوگوں کو جن سے جنگ کی جاتی ہے

الرکوع 5 ع 5 آیاتہا 12

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

لُحُوْمُهَا	: ماء اللحم، لحمیات، لحیم شحیم۔	الْمُحْسِنِيْنَ	: حسن، محسن، تحسین۔
لَا	: لاتعداد، لاعلاج، لاجواب، لاعلم۔	يُدٰفِعُ	: دفاع، مدافعت، دفع۔
سَخَّرَهَا	: مسخر، تسخیر۔	اٰمَنُوْا	: ایمان، مؤمن، امن۔
لِتُكَبِّرُوا	: کبیر، اکبر، مکبر، تکبر۔	يُحِبُّ	: حب، حبیب، محب، محبت۔
عَلٰى	: علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔	خَوَّانٍ	: خائن، خیانت۔
مَا	: ماحول، ماتحت، ماجرا، مافوق الفطرت۔	كَفُوْرٍ	: کفران نعمت۔
هَدٰىكُمْ	: ہدایت، ہادیٔ برحق، ہادیٔ کائنات۔	اُذِنَ	: اذن عام، باذن اللہ، اذن الٰہی۔
بَشِّرِ	: بشارت، مبشر، بشیر۔	يُقٰتَلُوْنَ	: قتل، قاتل، مقتول، قتال۔

لَنۡ ①	یَّنَالَ	اللّٰهَ	لُحُوۡمُهَا	وَلَا	دِمَآؤُهَا
ہرگزنہیں	وہ پہنچتے	اللہ (کو)	ان کے گوشت	اور نہ	ان کے خون

وَ	لٰكِنۡ	یَّنَالُهُ	التَّقۡوٰی	مِنۡكُمۡ ؕ	كَذٰلِكَ
اور	لیکن	وہ پہنچتا ہے اس کو	تقویٰ	تمہاری طرف سے	اسی طرح

سَخَّرَهَا	لَكُمۡ	لِتُكَبِّرُوا ②	اللّٰهَ	عَلٰی مَا
اس نے تابع کر دیا ان کو	تمہارے لیے	تاکہ تم سب بڑائی بیان کرو	اللہ (کی)	(اس) پر جو

هَدٰىكُمۡ ③ ؕ	وَ	بَشِّرِ	الۡمُحۡسِنِيۡنَ ④ (37)
اس نے ہدایت دی تمہیں	اور	آپ خوشخبری سنا دیجیے	نیکی کرنے والوں (کو)

اِنَّ	اللّٰهَ	يُدٰفِعُ	عَنِ الَّذِيۡنَ	اٰمَنُوۡا ؕ
بیشک	اللہ	وہ دور کرتا ہے	ان لوگوں سے جو	سب ایمان لائے

اِنَّ	اللّٰهَ	لَا	يُحِبُّ	كُلَّ	خَوَّانٍ ⑤
بے شک	اللہ	نہیں	وہ پسند کرتا	ہر	بڑا خائن

كَفُوۡرٍ ⑤ (38) ع	اُذِنَ	لِلَّذِيۡنَ	يُقٰتَلُوۡنَ ⑥
بہت ناشکرا	اجازت دی گئی	ان لوگوں کو جو	وہ سب جنگ کیے جاتے ہیں

ع 5/5 12 الثلثة

ضروری وضاحت

① لَنۡ کے بعد فعل میں مستقبل میں تاکید کے ساتھ نفی ہوتی ہے اور ترجمہ ہرگز نہیں کیا جاتا ہے۔② فعل کے شروع میں لِ کا ترجمہ کبھی تاکہ اور کبھی چاہیے کہ کیا جاتا ہے۔③ کُمۡ اگر فعل کے آخر میں ہو تو ترجمہ تمہیں کیا جاتا ہے۔④ اسم کے شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زیر میں کرنے والے کا مفہوم ہوتا ہے۔⑤ اس سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں مبالغے کا مفہوم ہوتا ہے۔⑥ اگر یَ پر پیش اور آخر سے پہلے زبر ہو تو اس فعل میں کیا جاتا ہے یا کیا جائے گا کا مفہوم ہوتا ہے۔

بِاَنَّهُمْ ظُلِمُوْا ؕ	اس وجہ سے کہ بے شک وہ ظلم کیے گئے ہیں
وَاِنَّ اللّٰهَ عَلٰى نَصْرِهِمْ لَقَدِيْرُۙ ﴿39﴾	اور بیشک اللہ انکی مدد پر یقیناً خوب قادر ہے۔﴿39﴾
الَّذِيْنَ اُخْرِجُوْا مِنْ دِيَارِهِمْ	وہ جو نکالے گئے اپنے گھروں سے
بِغَيْرِ حَقٍّ	ناحق (کہ اُن کا کوئی قصور نہ تھا)
اِلَّآ اَنْ يَّقُوْلُوْا رَبُّنَا اللّٰهُ ؕ	مگر یہ کہ وہ کہتے ہیں ہمارا رب اللہ ہے
وَلَوْلَا دَفْعُ اللّٰهِ النَّاسَ	اور اگر نہ ہوتا (نظام) اللہ کا لوگوں کو ہٹانے کا
بَعْضَهُمْ بِبَعْضٍ	ان کے بعض کو بعض کے ذریعے
لَّهُدِّمَتْ صَوَامِعُ	(تو) یقیناً ڈھا دیے جاتے (راہبوں کے) خلوت خانے
وَبِيَعٌ وَّصَلَوٰتٌ وَّمَسٰجِدُ	اور گرجے اور (یہودیوں کے) عبادت خانے اور مسجدیں
يُذْكَرُ فِيْهَا اسْمُ اللّٰهِ كَثِيْرًا ؕ	(کہ) ذکر کیا جاتا ہے ان میں اللہ کے نام کا بہت زیادہ
وَلَيَنْصُرَنَّ اللّٰهُ مَنْ يَّنْصُرُهٗ ؕ	اور یقیناً ضرور مدد کرے گا اللہ (اسکی) جو اسکی مدد کرتا ہے
اِنَّ اللّٰهَ لَقَوِيٌّ عَزِيْزٌ ﴿40﴾	بلاشبہ اللہ یقیناً بہت طاقت والا خوب غالب ہے۔﴿40﴾

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

ظُلِمُوْا	ظلم، ظالم، مظلوم، مظالم۔	لَا	لاتعداد، لاعلاج، لاجواب، لاعلم۔
عَلٰى	علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔	دَفْعُ	دفاع، مدافعت، دفع۔
نَصْرِهِمْ	نصرت، ناصر، نصیر، انصار۔	بَعْضَهُمْ	بعض الناس، بعض اوقات۔
لَقَدِيْرُ	قدرت، قادر، قدیر، مقدر۔	يُذْكَرُ	ذکر، اذکار، تذکرہ، مذاکرہ۔
اُخْرِجُوْا	خارج، خروج، اخراج، وزیر خارجہ۔	فِيْهَا	فی الحال، فی الفور، فی الحقیقت۔
دِيَارِهِمْ	دار فانی، دار الکتب، دیار غیر۔	اسْمُ	اسم، اسم گرامی، اسم با مسمّٰی۔
اِلَّآ	الاماشاءاللہ، الاقلیل، الا یہ کہ۔	كَثِيْرًا	کثرت، اکثر، کثیر۔
يَّقُوْلُوْا	قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔	لَقَوِيٌّ	قوت، قوی، مقوی۔

بِاَنَّهُمْ ①	ظُلِمُوْا ② ط	وَ	اِنَّ اللّٰهَ	عَلٰی نَصْرِهِمْ
اس وجہ سے کہ بیشک وہ	وہ سب ظلم کیے گئے ہیں	اور	بیشک اللہ	ان کی مدد پر

لَقَدِیْرُ ۙ (39)	الَّذِیْنَ	اُخْرِجُوْا ②	مِنْ دِیَارِهِمْ	بِغَیْرِ حَقٍّ
یقیناً خوب قادر	جو	سب نکالے گئے	اپنے گھروں سے	بغیر حق کے

اِلَّآ	اَنْ	یَّقُوْلُوْا	رَبُّنَا اللّٰهُ ط	وَ	لَوْلَا ③
مگر	یہ کہ	وہ سب کہتے ہیں	ہمارا رب اللہ ہے	اور	اگر نہ

دَفْعُ اللّٰهِ	النَّاسَ	بَعْضَهُمْ	بِبَعْضٍ ①	لَّهُدِّمَتْ ④
اللہ کا ہٹانا	لوگوں (کو)	ان کے بعض	بعض کے ذریعے	یقیناً ڈھادیے جاتے

صَوَامِعُ	وَ	بِیَعٌ	وَّ	صَلَوٰتٌ ④	وَّ	مَسٰجِدُ
خلوت خانے	اور	گرجے	اور	عبادت خانے	اور	مسجدیں

یُذْكَرُ ⑤	فِیْهَا	اسْمُ اللّٰهِ	كَثِیْرًا ط	وَ	لَیَنْصُرَنَّ ⑥	اللّٰهُ
وہ ذکر کیا جاتا ہے	ان میں	اللہ کا نام	بہت زیادہ	اور	یقیناً وہ ضرور مدد کریگا	اللہ

مَنْ	یَّنْصُرُهٗ ط	اِنَّ	اللّٰهَ	لَقَوِیٌّ	عَزِیْزٌ (40)
جو	وہ مدد کرتا ہے اسکی	بلاشبہ	اللہ	یقیناً بہت طاقت والا	خوب غالب

ضروری وضاحت

